بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد باری تعالیٰ

حاجی اے آر ثالث

تری توصیف بیاں کیسے ہو یارب العالمین میرا
ترے رحم وکرم سے آج ہے دنیا حسین میرا
کرے پختہ میرا ایمان میرے اللہ میرے اللہ

تو مالک ہے قیامت کا، حشر کے روز عدالت کا
کرے جو بندگی تیری، دعا کی استعانت کا
وہ لوگ ہیں تابع فرمان میرے اللہ میرے اللہ

جو سیدھی راہ ہے، اس راہ پہ ہم کو چلا لیتا
ہمیں مغضوب ہونے سے، ضلالت سے بچالیتا
کریمی ہے تیری ذات کی پہچان میرے اللہ میرے اللہ

تو رازق ہے ہمارا، تو ہمیں روزی کھلاتا ہے
اگر ہم دور ہو جائیں تو اپنے پاس بلاتا ہے
ہے کتنا مہربان اللہ، میرے اللہ میرے اللہ

تو ستار ہے ہمارے سب عیبوں کو چھپاتا ہے
بلا تفریق اپنوں اور غیروں کو کھلاتا ہے
رحیم تو رحمان ہے، میرے اللہ میرے اللہ

الٰہی تیری غفاری، قہاری پہ غالب ہے
گناہ میں مبتلا بندہ ناجی ہے جو تائب ہے
ہے اس امت پہ تیرا بڑا احسان میرے اللہ میرے اللہ